مدنی پھول برائے

# اجتماعِ ذکر و نعت



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# "امت کو خدایا رہِ سنّت پہ چلادے"

# کے 22 حروف کی نسبت سے اجتماع ذکرو نعت

# کے 22 مدنی پھول

عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی)

نعت خوانی حضور پُر نور، شافع یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ثناء خوانی اور محبت کی نشانی ہے اور حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ثناء خوانی اور محبت اعلیٰ درجے کی عبادت اور ایمان کی حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے۔اور مدنی ماحول میں نیکی کی دعوت کو عام کرنے کا بہترین ذریعہ بھی۔

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم: **نِیَّۃُ الْمُؤمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ**

یعنی **"مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے"** (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث 5942 جلد 6، صفحہ 185)

لہٰذا اجتماع ذکرو نعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) یہ نیت کرتی رہیں کہ "میں اللہ عزوجل کی رضا اور اُس کے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی خوشنودی کے لیے دعوت اسلامی کے شعبے اجتماع ذکرو نعت کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی ان شاء اللہ عزوجل

**"مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔"** (شوریٰ و کابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013ء)

## دعائے عطار:

**"جو شرعی تقاضوں کے مطابق اخلاص کے ساتھ اجتماع ذکرو نعت کا اہتمام کرے گا اُس کا اور اُس میں شریک ہونے والے ہر مسلمان کا ان شاء اللہ عزوجل بیڑا پار ہو گا۔"** (نعت خواں اور نذرانہ)

﴿1﴾ خوشی و غمی یا دیگر مختلف موقعوں پر بحصولِ ثواب و برکت گھروں وغیرہ میں جو اجتماع (بسلسلہ ترویجِ علمِ دین و میلادِ رسولِ مقبول صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وسلم) کروایا جاتا ہے۔اُسے دعوتِ اسلامی کی اصطلاح میں **"اجتماعِ ذکرو نعت"** کہتے ہیں۔اس کے لیے کوئی دن مقرر نہیں اوراس کا دورانیہ **90منٹ** ﴿ڈیڑھ گھنٹہ﴾ ہے۔

☆ ماہ میں ایک، دو بار غمی اور خوشی کے موقع پر ضرور تاً (جب جب آسانی ہو) اجتماعِ ذکرونعت کی ترکیب بنائی جاسکتی ہے۔

(3مئی 2010رکن شوریٰ کا مدنی مشورہ)

﴿2﴾ دو ماہ میں کم از کم ایک مرتبہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بذریعہ اعلان علمِ دین کی اشاعت کے فضائل بتاکر علاقے/شہر کے جس حصے میں مدنی کاموں میں کمزوری ہو وہاں شرکاء اسلامی بہنوں کو اپنے گھروں پر اجتماعِ ذکرونعت **"اجتماعِ ذکرونعت میں جانے سے قبل اہلِ خانہ سے طے کئے جانے والے مدنی پھول"** کے مطابق رکھوانے کی ترغیب دلائی جائے۔

﴿3﴾ اجتماعِ ذکرونعت میں مبلغات (بیان کرنے والیاں)، معلمات (درس دینے والیاں) اور انفرادی کوشش کرنے والی اسلامی بہنوں کو جن کے آپس میں رابطے میں آسانی ہو بھیجا جائے۔

☆ ہر مبلغہ کے جانے کا وقت اور دن ان کی سہولت کے مطابق مقرر کرلیا جائے۔تاکہ جو بھی اسلامی بہن اپنے گھر اجتماعِ ذکرونعت رکھوانے کا کہیں تو جس مبلغہ کی ترکیب ہو، باآسانی اُس کی ترکیب بنالی جائے۔(شرکاء کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں انفرادی کوشش کے لئے بہتر ہے کہ 5اسلامی بہنوں کی ترکیب بنائی جائے)

﴿4﴾ اجتماعِ ذکرونعت کے لئے کسی بھی مبلغہ کی ترکیب نہ بننے کی صورت میں اور ذیلی و حلقہ مجلس مشاورت کے ذریعے بھی ترکیب نہ بننے کی صورت میں اجتماعِ ذکرونعت ذمہ دار (علاقہ سطح) خود ترکیب بنائیں اور حتی الامکان معذرت نہ کی جائے۔

☆ علاقہ مجلس مشاورت ذمہ داران کو چاہیئے کہ جب اُن سے کوئی عوام اسلامی بہن اجتماعِ ذکرونعت رکھوانے کے لئے رابطہ کریں تو وہ انہیں کسی ذمہ دار سے رابطہ کرنے کا کہنے کے بجائے ان کے رہائشی ذیلی حلقے کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتاکر آخر میں ذیلی مجلس مشاورت ذمہ دار سے رابطہ کرنے کا کہیں تاکہ ان کو آزمائش نہ ہو۔

﴿5﴾ ایسی شخصیات جو تعطیل (اتوار کے دن) کے علاوہ فارغ نہ ہوتی ہوں تو ان کے گھر تعطیل (اتوار کے دن) اجتماعِ ذکرونعت منعقد کرلیا جائے۔

www.dawateislami.net

﴿6﴾ اہم تنظیمی ذمہ داران کے یہاں خوشی و غمی کے موقع پر اجتماع ذکر و نعت میں بنت عطار سلمہا الغفار/ عالمی مجلس مشاورت کی ترکیب بنائی جاسکتی ہے۔

﴿7﴾ جو اسلامی بہن اپنے گھر میں اجتماعِ ذکر و نعت رکھوانا چاہیں تو ذیلی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن یا مبلغہ حکمت عملی کے ساتھ انہیں اجتماع ذکر و نعت سے قبل" **اہل خانہ سے طے کئے جانے والے مدنی پھول**" احسن طریقے سے بتادیں تاکہ شرعی و تنظیمی ترکیب کے مطابق اجتماع ذکر و نعت منعقد کیا جاسکے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿8﴾ اجتماع ذکر و نعت کی مکمل ترکیب "**ماہانہ کارکردگی برائے مبلغۂ اجتماع ذکرونعت**" کے مطابق بنائی جائے۔

☆ جن کے گھر اجتماع ذکر و نعت ہو اور وہ ہمارے جدول وغیرہ کے مطابق چلیں پھر ہماری ترکیب کے بعد ان کے یہاں پروفیشنل نعت خواں یا کسی اور پڑھنے والی کو بُلایا گیا ہو تو اس پر کوئی کلام نہ کیا جائے اور وہاں زیادہ دیر ٹھہرا بھی نہ جائے۔

("**ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ اجتماع ذکرونعت**" مع "**عدت و سوگ کے مسائل**" اور "**لواحقین کو سمجھانے والے مدنی پھول**" ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿9﴾ مبلغات کو یہ بتادی جائے کہ "**اجتماع ذکرونعت میں بیان کے لئے رسائل کی فہرس**" کی مدد سے اجتماعِ ذکر و نعت میں بیان کی ترکیب بنائی جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿10﴾ ہر سطح کی اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اور مبلغات کے پاس اپنی حدود میں ہونے والے تمام ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات کے ممکنہ صورت میں ایڈریس موجود ہوں تاکہ اجتماع ذکر و نعت میں دوسرے علاقوں سے آنے والی شرکاء کو ان کے رہائشی علاقے میں ہونے والے سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس بتایا جاسکے۔

☆ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس تبدیل ہونے کی صورت میں اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح)، کابینہ مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کی رہنمائی سے اپنے پاس تبدیلی کر کے ماتحت ذمہ داران اور مبلغات کو بھی تبدیلی کروائیں۔ (یہ ترکیب 12 ماہ میں کم از کم 2 مرتبہ محرم الحرام اور رجب المرجب میں بنائی جائے)

﴿11﴾ جس اسلامی بہن کے گھر اجتماع ذکر و نعت ہوا اور وہ کسی دوسرے علاقے کی اسلامی بہن کو رشتے داری یا تعلقات کی بناء پر دعوت دینا چاہیں تو دے سکتی ہیں مگر کوئی بھی اسلامی بہن کسی اور علاقے میں جاکر تلاوت تا صلوٰۃ و سلام کسی

www.dawateislami.net

ترکیب میں حصہ نہیں لے سکتی۔

☆ اگر کسی ذمہ دار اسلامی بہن کی رشتے دار کے گھر دوسرے علاقے میں اجتماع ذکر و نعت ہو اور اگر ان کے نہ جانے کی صورت میں ناراضی یا مسائل پیدا ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں وہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت و رہنمائی لے کر جانے کی ترکیب بنا سکتی ہیں مگر وہاں اجتماع ذکر و نعت کی ترکیب اُس علاقے کی ذمہ داران و مبلغات کے ذریعے اس طرح بنائی جائے کہ متعلقہ ذیلی حلقے کی مبلغہ اگر بیان کرلیں تو یہ ذمہ دار (جن کے رشتے دار کے گھر اجتماع ذکر و نعت ہو) دُعا کرلیں اور اگر یہ بیان کرلیں تو وہ دُعا کی ترکیب بنائیں لیکن اگر رشتے دار مغرب کے بعد نعتیں پڑھنے کا کہیں تو ترکیب نہ بنائی جائے۔

☆ اگر کسی اسلامی بہن نے اجتماع ذکر و نعت کسی ایسے ہال میں رکھوایا جو دوسرے علاقے میں ہو تو اجتماع ذکر و نعت کی ترکیب اپنے علاقے کی اسلامی بہنوں کے ذریعے ہی بنائی جائے۔ لیکن یاد رہے کہ بہر صورت نہ مائیک کے استعمال کی اجازت ہوگی اور نہ ہی مردوں کی آمد و رفت کا سلسلہ ہو۔

☆ اگر کسی ذمہ دار اسلامی بہن کے بارے میں اطلاع ملے کہ اجتماع ذکر و نعت میں انہیں بعد مغرب کچھ تاخیر ہوگئی تو ایسی صورت میں قفل مدینہ لگایا جائے البتہ کوئی اسلامی بہن تاخیر کی عادی ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق ان کی اصلاح کی جائے۔

﴿12﴾ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تا ڈویژن سطح) **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ اجتماع ذکر و نعت"** کے ذریعے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں شرکت و مدنی انعامات پر عمل کی نیت کرکے بعد میں وابستہ ہونے والی اسلامی بہنوں کے follow up کی ترکیب پر تسلی ضرور فرمالیں۔

☆ جو مبلغات و معلمات، اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی و حلقہ سطح) کی انفرادی کوشش کے باوجود اجتماعِ ذکر و نعت کے لیے تیار نہ ہوں تو اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ داران (علاقہ تا کابینہ سطح) تنظیمی ترکیب کے مطابق انفرادی کوشش فرمائیں۔

﴿13﴾ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (علاقہ سطح) ہر تین ماہ (صفر المظفر، جمادی الآخر اور شوال المکرم) میں تمام اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (حلقہ سطح) کے ذریعے تمام اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی سطح) سے ان کی تمام مبلغات کی **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ اجتماع ذکر و نعت"** وصول کرکے توجہ فرما کر کمی ہونے کی صورت میں احسن طریقے سے تفہیم فرمائیں۔

﴾14﴿ اجتماعِ ذکر ونعت ذمہ داران (علاقہ تاملک سطح) ماہ میں ایک بار مبلغہ کو بتائے بغیر ان کے اجتماعِ ذکر ونعت میں شرکت فرمائیں اور **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ اجتماعِ ذکر ونعت"** کے مطابق تمام معاملات پر غور فرمائیں اور کمزوریاں ہونے کی صورت میں احسن طریقے سے متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم فرمائیں۔

﴾15﴿ اگر کسی علاقے میں نئی مبلغہ کا اضافہ ہو تو اجتماعِ ذکر ونعت ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) انہیں **"ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ اجتماعِ ذکر ونعت"**، **"اجتماعِ ذکر ونعت میں بیان کے لئے رسائل کی فہرس"**، **"اجتماعِ ذکر ونعت سے قبل اہلِ خانہ سے طے کئے جانے والے مدنی پھول"**، **"لواحقین کو سمجھانے والے مدنی پھول"**، **عدت و سوگ کے مسائل"** سمجھا کر دینے کی ترکیب بنائیں۔

﴾16﴿ اجتماعِ ذکر ونعت ذمہ داران (ذیلی تاملک سطح) مبلغات، معلمات اور انفرادی کوشش کرنے والی اسلامی بہنیں 12 ماہ میں ایک بار مدنی مذاکرہ نمبر 20، 24، 33، 67، 68، 69، 73، 100 اور امیرِ اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کا آڈیو بیان **"اسلامی بہنوں کے تربیتی مدنی پھول"** سننے اور کتاب **"انفرادی کوشش"** و رسالہ **"نعت خواں اور نذرانہ"** کا مطالعہ ضرور فرمالیں۔

## ﴾17﴿ ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

اجتماعِ ذکر ونعت کے مدنی کام کے لیے ذمہ داران کا تقرر ذیلی تاملک سطح ہے۔

☆ ہر سطح کی اجتماعِ ذکر ونعت ذمہ دار اسلامی بہن حلم و بردبار، اطاعت گزار، ملنسار، وفادار، باکردار، بااخلاق، سلجھی ہوئی، سنجیدہ، خود اعتماد، احساس ذمہ داری رکھنے والی، شرعی پردے کے ساتھ مدنی برقع پہننے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، مدنی انعامات کی عاملہ، دعوتِ اسلامی کے مدنی اُصولوں کی آئینہ دار، اصطلاحاتِ دعوتِ اسلامی سے واقف، عاجزی کی پیکر، کم گو، مدنی مشوروں اور تربیتی حلقے کی پابند الغرض سراپا ترغیب ہو یعنی عملی طور پر مدنی کاموں میں شریک ہو اور مدنی ماحول سے وابستگی کی مدّت کم از کم 26 ماہ ہو نیز انہیں اپنے شعبے سے متعلق مکمل معلومات ہونا بے حد ضروری ہے بہتر ہے کہ مشاورت کی جس اسلامی بہن کے پاس علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ہو انہیں ہی اجتماعِ ذکر ونعت ذمہ دار مقرر کر لیا جائے۔

☆ کسی بھی سطح پر اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس مدنی کام کی اہل ہیں؟

www.dawateislami.net

11مئی2009 کے نگرانِ شوریٰ کے مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول بھی موجود ہے کہ

**"اہل اور ہم ذہن کو مدنی کام دیئے جائیں"**

| نمبر شمار | سطح | ذمہ دار اسلامی بہن |
|---|---|---|
| 1 | ذیلی حلقہ | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح) |
| 2 | حلقہ | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (حلقہ سطح) |
| 3 | علاقہ | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) |
| 4 | ڈویژن | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) |
| 5 | کابینہ | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) |
| 6 | کابینات | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) |
| 7 | ملک | اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) |

☆ اگر کسی ملک میں اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) میں سے کسی بھی سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کا تقرر ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق متعلقہ اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن کو **"مدنی پھول برائے اجتماع ذکر و نعت"** اچھی طرح سمجھا کر دینے کی ترکیب بنائیں۔

☆ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) اگر کبھی شدید عذر کی بناء پر کسی ماہ مدنی کام کی ترکیب نہ بنا سکتی ہوں تو قبل از وقت اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کو لازمی اطلاع دے دیں تاکہ وہ باآسانی مدنی کام کی ترکیب بنا سکیں۔

☆ اگر کہیں اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی تا ملک سطح) مقرر نہیں تو اس صورت میں مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی تا ملک سطح) متعلقہ مدنی کاموں کی ترکیب بنائیں۔

## ﴿18﴾ ماہانہ مدنی مشورے و مدنی پھول:

اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (حلقہ تا ملک سطح) درج ذیل ترکیب کے مطابق ماہانہ مدنی مشورے و مدنی پھول کی ترکیب بنائیں۔

☆ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (حلقہ تا ملک سطح) کو چاہیئے کہ ہر سطح کے مدنی مشوروں میں فکرِ مدینہ کروائیں۔

| مدنی مشورہ لینے والی | سطح | مدنی تاریخ | شرکاء | مدنی پھول |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (حلقہ سطح) | حلقہ | 1 | اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی سطح) | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (علاقہ سطح) | علاقہ | 2 | اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (حلقہ سطح) | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ڈویژن سطح) | ڈویژن | 3 | اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (علاقہ سطح) | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) | کابینہ | 5 | اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ڈویژن سطح) | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (کابینات سطح) | کابینات | 7 | اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (کابینہ سطح) | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ملک سطح) | ملک | 9 | اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (کابینات سطح) | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول و جدول کارکردگی، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |

☆ ضرورتاً مدنی مشورے کی تاریخ میں باہم مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

☆ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لئے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لئے مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔

☆ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) ماہانہ مدنی مشورے میں **"جدول"** اور **"پیشگی جدول"** اپنی متعلقہ شعبہ ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔ (**"جدول"** اور **"پیشگی جدول"** "**مدنی پھول برائے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت**" میں موجود ہیں)

☆ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (حلقہ تامُلک سطح) ماہانہ مدنی مشورے میں اپنی ماتحت ذمہ داران کی بہتر کارکردگی مثلاً سنتوں بھرے اجتماع و مدنی مشورے کی پابندی، اجتماعِ ذکر و نعت کی کارکردگی بہتر ہونے اور علاقے میں اجتماعِ ذکر و نعت میں جانے والی مبلغات کی تعداد میں اضافہ ہونے کی صورت میں حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مدنی تحفہ (کتب و رسائل / کیسٹ / V.C.D.s وغیرہ) دینے کی ترکیب بنائیں۔

☆ مدنی تحفہ (کتب و رسائل / کیسٹ / V.C.D.s وغیرہ) دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے کہ کب تک پڑھ یا سُن لیں گی؟ (یاد رہے! مدنی عطیات سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں)

☆ ان کے شعبے سے متعلق مسائل سن کر ان کے حل کی ترکیب بنائی جائے اور اس شعبے کی ترقی کے لئے ان سے مشورے بھی لئے جائیں۔

﴿19﴾ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تامُلک سطح) اپنی ذمہ دار اسلامی بہن سے مربوط رہیں، انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتی رہیں، جو ذمہ دار سے جتنی زیادہ مربوط رہے گی وہ اُتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی ان شاء اللہ عزوجل۔

﴿20﴾ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تامُلک سطح) ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع، تربیتی حلقے اور مدنی مشوروں میں اپنی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت لے کر واپسی کی ترکیب بنائیں۔

﴿21﴾ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تامُلک سطح) اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لیے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں۔

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لئے کُتبِ امیر اہلسنت، بہارِ شریعت، فتاوٰی رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔

☆ مدنی برقع کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں۔

☆ عملی طور پر مدنی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم (2) گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کریں، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماعات اور تربیتی حلقے میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لئے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے اپنے محارم کو عمر

www.dawateislami.net

بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ماہ میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ بلاناغہ فکر مدینہ کرتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں۔ نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھنے کی ترکیب بنائیں۔

☆ مرکزی مجلس شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کریں اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیں۔

☆ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنت، بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات و تعویذات عطاریہ سے مکتوب کی بھی ترکیب بنائیں۔

☆ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 21 اور 24 کی عاملہ بن جائیں۔

☆ **مَدَنی انعام نمبر 21:** کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟

☆ **مَدَنی انعام نمبر: 24** کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟

## ﴿22﴾ پوچھ گچھ

**فرمانِ امیرِ اہلسنت** دامت برکاتہم العالیہ:

" **پوچھ گچھ مدنی کاموں کی جان ہے** "۔ (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) " **مدنی پھول برائے اجتماع ذکر و نعت** " میں موجود مدنی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریر فرما لیں یا ہائی لائٹ کر لیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہو سکے۔

☆ اجتماع ذکر و نعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) اپنی ماتحت ذمہ داران سے ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

www.dawateislami.net

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لئے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ اجتماع ذکرونعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح) **"مدنی پھول برائے اجتماع ذکرونعت"** مع تمام ریکارڈ پیپرز Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ اجتماع ذکرونعت ذمہ داران (ذیلی تا ملک سطح)، اپنی ماتحت ذمہ داران کے پر شدہ **"جدول"** Display file میں محفوظ فرمالیں۔

☆ **"مدنی پھول برائے اجتماع ذکرونعت"** سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ **"مدنی پھول برائے اجتماع ذکرونعت"** سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی ترکیب کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ اجتماع ذکرونعت ذمہ دار اسلامی بہن (کابینہ سطح) شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالتِ مجبوری ٹیلیفونک مدنی مشورے کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات ونوعیت کے مطابق ملکی کابینہ کے نگران و متعلقہ رکنِ عالمی مجلس مشاورت کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

**اللہ تبارک وتعالٰی!** اخلاص کے ساتھ شرعی و تنظیمی مدنی پھولوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے عشقِ رسول میں ڈوب کر اجتماع ذکرونعت منعقد کرنے اور اس میں شرکت کر کے قبر و آخرت منور کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے۔

حشر میں زیرِ لوائے حمد اے عطار ہم | نعتِ سلطانِ مدینہ گنگناتے جائیں گے

(وسائل بخشش)

**آمین بجاہ النبی الامین** صلی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلم

مدینہ:۔"یاد رہے کہ ان مدنی پھولوں کی شرعی و تنظیمی تفتیش ہو چکی ہے"۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# اجتماع ذکرونعت سے قبل اہل خانہ سے طے کئے جانے والے مدنی پھول

☆ کسی کے ہاں اجتماعِ ذکر ونعت رکھتے وقت یہ ضرور غور کرلیا جائے کہ ان کا دوسری تنظیم سے تعلق نہ ہو، گھر کے کسی فرد کے بارے میں اخلاقیات کے حوالے سے کوئی شکایت مثلاً کردار صحیح نہ ہونا، پڑوسیوں سے جھگڑنا وغیرہ نہ ہو اور نہ ہی اس گھر میں دیگر سرگرمیاں مثلاً بیوٹی پارلر یا مخلوط تعلیم والا ٹیوشن سینٹر وغیرہ ہو۔

☆ اجتماعِ ذکر ونعت رکھوانے والی اسلامی بہن کو ایسی حکمتِ عملی سے سمجھائیں کہ حسن اخلاق بھی برقرار رہے اور مخاطب کو گراں بھی نہ گزرے اور مدنی مرکز کی اطاعت بھی ہو جائے کہ مشہور مقولہ ہے:

**"لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق کلام کرو"**

☆ درج ذیل مدنی پھول میں سے حسبِ حال مدنی پھول انہیں تحریری طور پر دینے کے بجائے حکمتِ عملی کے ساتھ سمجھا دیئے جائیں۔

﴿1﴾ مائیک، ایکو ساؤنڈ، میگافون، سی ڈی پلیئر اور شامیانے کا انتظام نہ کیا جائے۔

﴿2﴾ اگر شرکاء کی تعداد زیادہ ہوگی یا شامیانے کی ترکیب ہوگی تو ایسی صورت میں شیخِ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے بیان ودعا کی ترکیب بذریعہ کیسٹ یا سی ڈی بنائی جائے گی اور مبلغہ آخر میں انفرادی کوشش کریں گی ان شاء اللہ عزوجل اس کی خوب برکتیں ملیں گی۔ (یاد رہے کیسٹ/V.C.D اجتماع کی ترکیب صرف وہیں بنائی جائے جہاں آواز نہ پہنچ سکنے کا مسئلہ ہو اس کے علاوہ ترکیب نہ بنائی جائے) مزید یہ کہ کیسٹ اجتماع کی صورت میں بیان کو پہلے ہی سُن لیا جائے تاکہ دورانیہ وموضوع وغیرہ کا اندازہ کی جاسکے۔ اجتماعِ ذکر ونعت کی نوعیت کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے کیسٹ کا موضوع انتخاب کیا جائے۔

﴿3﴾ گھر کے صحن اور چھت وغیرہ پر بھی اِسی صورت میں ترکیب بنائی جائے جب مکمل یقین ہو کہ پردے کی احتیاط رہے گی بلکہ آواز کے پردے کا بھی لحاظ رہے۔

﴿4﴾ پردے کا مکمل انتظام ہو دورانِ اجتماعِ ذکر ونعت مرد دوسرے کمروں میں یا کہیں قریب بھی موجود نہ ہوں۔

﴿5﴾ دورانِ اجتماعِ ذکر ونعت گھر میں گانے باجے وغیرہ ہرگز نہ بجائیں نہ ہی ٹی وی چلایا جائے۔

www.dawateislami.net

6 اجتماعِ ذکرونعت کادورانیہ جدول کے مطابق ڈیڑھ گھنٹہ ہوگا لہٰذا زیادہ نعتیں پڑھنے کے لئے اصرار نہ کیا جائے۔

7 اگر قرآنی خوانی یا ختمِ قادریہ وغیرہ کی ترکیب ہو تو اجتماع ذکرونعت سے قبل یا بعد میں آپ اپنے طور پر اس کی ترکیب بنالیجیئے گا۔

8 اجتماعِ ذکرونعت کی مکمل ترکیب تلاوت تا صلوۃ وسلام ہماری مبلغہ ہی بنائیں گی۔

9 دعوتِ اسلامی کی تنظیمی ترکیب کے مطابق ہمارے تنظیمی کاموں کا وقت مغرب تک ہے لہٰذا بعدِ مغرب ٹھہرنے کے لئے اصرار نہ کیا جائے۔

10 مبلغہ کو رقم، تحفہ، ڈبل شیرینی، پارسل، مٹھائی کا ڈبہ دے کر یا گجرے پہنا کر آزمائش میں نہ ڈالا جائے بلکہ ڈھیروں اجروثواب حاصل کرنے کے لئے حسب توفیق لنگر رسائل کا اہتمام ہوسکے تو ضرور کیا جائے۔

11 تیجہ/چالیسواں وغیرہ کے موقع پر مرحوم/مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لئے ہوسکے تو مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ کتب ورسائل، تقسیم کرنے کی ترکیب بنائی جائے بہتر ہے کہ صراط الجنان کی ترکیب ہو کہ یہ مرحوم/مرحومہ کے لئے زبردست ایصالِ ثواب ہوگا ان شاء اللہ عزوجل (رسائل پر تحریر کردہ مکتبۃ المدینہ کے رابطہ نمبر اہل خانہ کو بتائے جائیں) نیز مرحوم/مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے گھر کے اسلامی بھائیوں کی مدنی قافلے میں سفر کی بھی ترکیب بنائی جائے۔

12 ہوسکے تو ایک ہفتہ قبل اجتماعِ ذکرونعت کی اطلاع دی جائے تاکہ باآسانی مبلغات کی ترکیب بنائی جاسکے۔

13 مخصوص مبلغہ کے لئے ضد نہ کی جائے جس مبلغہ کی ترکیب باآسانی بن سکے گی اس کی ترکیب بنائی جائے گی۔

14 مدنی التجاء ہے کہ آپ گھر کے اجتماعِ ذکرونعت میں شریک ہونے والی رشتہ دار اور پڑوسیوں میں سے کم از کم 3 اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کرکے انہیں آیندہ اپنے ساتھ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں ضرور لے آیئے گا۔

**مدنی پھول**: ☆اجتماع ذکرونعت ذمہ دار(ذیلی سطح)"مبلغہ" کی اہل خانہ سے ہاتھوں ہاتھ ملاقات کروادیں تاکہ مبلغہ ان کا نام، رابطہ نمبر اور ایڈریس صحیح طرح سے خود ہی سمجھ لیں۔☆ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع اور تربیتی حلقے والے دن مبلغہ کی ترکیب نہ بننے کی صورت میں اجتماع ذکرونعت ذمہ دار(ذیلی سطح) اہل خانہ کا یوں ذہن بنائیں کہ ان دنوں چونکہ ہماری اسلامی بہنوں کو دیگر مدنی کام کرنے ہوتے ہیں لہٰذا کسی اور دن ترکیب بنالیں لیکن اگر اہل خانہ کسی اور دن نہ بناسکیں یا مبلغہ کی ترکیب نہ بن سکتی ہو تو حرج نہیں۔

www.dawateislami.net

سن مدنی 1435ھ عیسوی 2014ء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

ذیلی

حلقہ________

حلقہ________

# ماہانہ کارکردگی برائے

# مبلغۂ اجتماع ذکرونعت

اجتماع ذکرونعت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح)

(ام/بنت)__________

مبلغہ

(ام/بنت)__________

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تاریخ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 2 | نام معلّمہ (درس دینے والی) | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 3 | نام مبلغہ (بیان کرنے والی) | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 4 | اجتماع ذکرونعت میں تلاوت تا صلٰوۃ وسلام حصہ لینے مع انفرادی کوشش کرنے والیوں کی تعداد | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 5 | اہل خانہ کا نام | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | رابطہ نمبر (اگر دو رابطہ نمبر ہوں تو مدینہ مدینہ) | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | ایڈریس | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 6 | کیا شرکاء کی تعداد کم ہونے کی صورت میں بھی وقت پر اجتماعِ ذکرونعت کی ترکیب شروع کر دی گئی؟ | | | | | | |

www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| ☆ | اگراجتماعِ ذکرونعت سے قبل قرآن خوانی کی ترکیب ہو اور اجتماعِ ذکرونعت کا وقت شروع ہونے پر بھی شرکاء فارغ نہ ہوئی ہوں تو اہلِ خانہ کی توجہ دلائی جائے کہ وقت کم رہ جانے کی صورت میں بیان مختصر ہوسکے گا لٰہذا آپ مناسب سمجھیں تو بعد میں مکمل کروالیں کیا اس پر عمل رہا؟ |
| 7 | اجتماع ذکرونعت کا کل دورانیہ 90 منٹ تلاوت (4منٹ)، نعت شریف (15 منٹ ایک سے زائد نعتیں پڑھی جاسکتی ہیں لیکن دورانیہ نہ بڑھایا جائے چاہیں تو مقررہ دورانیے میں 10 منٹ نعت شریف اور بیان کے بعد 5 منٹ منقبت بھی پڑھی جاسکتی ہے)، درس (7منٹ)، بیان (50منٹ)، دعا (7منٹ)، صلوٰۃ وسلام مع اختتامی دعا مع فضیلت (7منٹ) کے مطابق رہا؟ |
| ☆ | اگر عوام یا اہلِ خانہ نے زیادہ دیر نعت پڑھنے کا اصرار کیا تو ان سے کہہ دیا گیا کہ آپ اجتماعِ ذکرونعت کے بعد اپنے طور پر پڑھ لیجئے گا؟ |
| 8 | نعت وصلوٰۃ وسلام کے لئے سنی علماء کرام مثلاً اعلیٰ حضرت، مولانا حسن رضا خان، مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خان، مولانا حامد رضا خان، سید نعیم الدین مرادآبادی، مفتی احمد یار خان نعیمی، مولانا جمیل قادری رحمہم اللہ وغیرہ کے کلام اور شیخ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے مجموعہ کلام وسائل بخشش کو ترجیح دی گئی؟ (یاد رہے! مدنی چینل پر پیش کیئے جانے والے مختلف زبانوں (مثلاً پنجابی وغیرہ) میں پڑھے جانے والے کلام (جو نعت خواں پڑھنا جانتی ہو) پڑھے جاسکتے ہیں) (اسلامی بہنیں ہر کلام سے قبل درود شریف ضرور پڑھیں) |
| ☆ | نعت خواں اسلامی بہن نے نعت وصلوٰۃ وسلام شروع کرنے سے قبل یہ اعلان کردیا کہ اسلامی بہنیں مل کر نہ پڑھیں بلکہ خاموشی کے ساتھ سُنیں تاکہ آواز باہر نہ جائے؟ |
| ☆ | کلام موقع کی مناسبت سے پڑھا گیا مثلاً اسلامی بہن کی شادی کے موقع پر دُعا سے قبل وسائل بخشش سے سہرا (لیکن اسلامی بھائی کی شادی کے سلسلے کا اجتماع ذکرونعت ہونے پر سہرا نہ پڑھا جائے)، حج وعمرہ کے موقع پر وسائل بخشش سے امیر اہلسنت کا دعائیہ کلام اسی طرح ماہِ ربیع الغوث میں دُعا سے قبل منقبتِ غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پڑھی جائے؟ (یاد رہے اس کے لئے اجتماع ذکرونعت کا دورانیہ نہیں بڑھایا جاسکتا) |

☆ درس کی ترکیب موقع کی مناسبت سے بنائی گئی مثلاً سفر مدینہ کے موقع پر "**سفر کی سنتیں اور آداب**"، میت کے تیجے کے موقع پر "**تعزیت کی سنتیں اور آداب**"، محرم الحرام، ماہِ ربیع النور، ذوالحجہ وغیرہ کے ابتدائی ایّام کے موقع پر کرنے والے اعمال و آداب وغیرہ؟

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

☆ درس و بیان ڈائری سے دیکھ کر ہی کیا گیا اور بیان کے آخر میں دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کی بہاریں بتا کر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت / مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں داخلہ لینے کی بھرپور ترغیب دلائی گئی نیز قریبی ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع و مدرسۃ المدینہ (بالغات) کا ایڈریس، دن اور وقت بھی ضرور بتایا گیا؟

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

تیجے، چالیسویں یا برسی وغیرہ کے موقع پر مرحومہ کے حقوق العباد معاف کروائے گئے؟

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

☆ موقع کی مناسبت سے نیز اہلِ خانہ کے لئے (نام لئے بغیر) خصوصی دُعا مانگی گئی؟ (اہلِ خانہ کے اصرار پر ذکر کی ترکیب بھی کی جاسکتی ہے لیکن اس کے لئے اجتماعِ ذکر و نعت کا دورانیہ نہیں بڑھایا جاسکتا)

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

☆ "**لواحقین کو سمجھانے والے مدنی پھول**" کی مدد سے حسبِ ضرورت مدنی پھول سمجھائے گئے؟ (اہلِ خانہ کے اصرار پر فاتحہ دینے کی ترکیب بنائی جاسکتی ہے) (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

☆ سِوُم یا چہلم کے موقع پر لواحقین میں بیوہ کو "**عدت و سوگ کے مسائل**" کی مدد سے حسبِ ضرورت سمجھانے کی ترکیب بنائی گئی؟ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) ☆

9 کتنی اسلامی بہنوں نے سنتوں بھرے اجتماع میں آنے کی نیت کی؟

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

☆ کتنی اسلامی بہنوں نے مدرسۃ المدینہ بالغات میں داخلہ لینے کی نیت کی؟

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |
| 10 | شرکاء اجتماع کو ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا ایڈریس سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں تحریری دعوت نامہ بنام " **ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع**" دے دیا گیا؟(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 11 | حسبِ ضرورت یہ اعلان کیا گیا کہ جن کو اپنے گھر اجتماعِ ذکر و نعت رکھوانا ہو وہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں آکر ہم سے رابطہ کریں؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 12 | بیان کے آخر میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی کوئی مدنی بہار ضرور سنائی جائے۔ کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 13 | شرکاء کی تعداد زیادہ ہونے کی بناء پر کیسٹ اجتماع کی ترکیب بنائی گئی تو نوعیت کو مدِ نظر رکھ کر کیسٹ/ V.C.D سننے کے بعد موضوع منتخب کرنے پر عمل رہا؟ نیز کیسٹ/V.C.D/بیان وہی منتخب کیا گیا جس کا دورانیہ زیادہ سے زیادہ 60منٹ ہو؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | کیسٹ اجتماع کی صورت میں بھی ماہانہ "**کارکردگی برائے مبلغہ اجتماع ذکرونعت**" پُر کی گئی؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 14 | اجتماعِ ذکر و نعت کے آخر میں آپ اور دیگر ذمہ دار اسلامی بہنوں نے مل کر انفرادی کوشش فرماتے ہوئے شرکاء کے نام، ایڈریس، رابطہ نمبر اور پہچان تحریر کر کے دوبارہ رابطہ بھی کیا گیا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | کتنی اسلامی بہنوں نے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں آنا شروع کیا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | کتنی اسلامی بہنوں نے مدرسۃ المدینہ (بالغات) میں داخلہ لے لیا؟ | | | | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |
| 15 | جن کے گھر اجتماعِ ذکر و نعت ہوا کیا ان کو مدنی تحفہ (مکتبۃ المدینہ کے کتب و رسائل/V.C.D/کیسٹ وغیرہ) دیا گیا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 16 | مدنی مرکز کی اطاعت کرتے ہوئے مغرب سے قبل اجتماعِ ذکر و نعت کا اختتام کر لیا گیا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | حتی الامکان گھر جا کر نمازِ مغرب ادا کی گئی؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 17 | قیمتی تحفہ، سوٹ پیس، رقم، گجرا، پارسل، مٹھائی، ڈبل شیرینی ملنے پر حکمتِ عملی سے منع کیا گیا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| ☆ | البتہ وہیں کھانے کی ترکیب ہو تو حرج نہیں لیکن جلد فارغ ہو کر گھر روانہ ہو جائیں۔ کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 18 | ذیلی مجلس مشاورت ذمہ دار اسلامی بہن کی اجازت سے ہی اجتماعِ ذکر و نعت کی ترکیب بنائی گئی؟ (یاد رہے کہ دوسرے علاقہ / شہر میں جا کر اجتماعِ ذکر و نعت کرنے کی قطعاً اجازت نہیں البتہ رشتے داری یا تعلقات کی بنا پر تلاوت وصلوٰۃ و سلام میں حصہ لئے بغیر صرف شرکت کر سکتے ہیں) | | | | | | |
| | | | | | | | |
| 19 | رجب المرجب، شعبان المعظم اور رمضان المبارک کے علاوہ اجتماع ذکر و نعت میں عطیات جمع کرنے کی ترکیب نہ بنائی جائے لیکن اگر کوئی اسلامی بہن رقم دے تو مبلغہ ان کا ذھن بنائے کہ وہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں آکر "مدنی عطیات بکس" میں ڈال دیں۔ کیا اس پر عمل رہا؟ | | | | | | |
| | | | | | | | |

# ماہانہ مدنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| 1 | اسلامی بہنوں کو مائیک، ایکو ساؤنڈ، میگا فون، سی ڈی پلیئر وغیرہ پر اجتماع ذکر و نعت کی قطعاً اجازت نہیں کیا ہر اجتماعِ ذکر و نعت میں اس پر عمل رہا؟ | |
| ☆ | کیا اس بات کا خاص خیال رکھا گیا کہ مائیک کے بغیر بھی آواز غیر مرد تک نہ جائے اور کسی بھی قسم کی بے پردگی نہ ہونے پائے.؟<br>(البتہ کسی گھر میں الگ کمرے میں اتنے بوڑھے بیمار شخص موجود ہوں جو نماز کے لئے مسجد بھی نہ جا سکتے ہوں تو ایسی صورتحال میں ترکیب بنائی جا سکتی ہے) | |
| 2 | کیا آپ، معلّمہ اور اجتماع ذکر و نعت میں انفرادی کوشش کرنے والی دیگر ذمہ داران نے نعت خواں نذرانہ، انفرادی کوشش (کتاب) پڑھ لی؟ اور **"اسلامی بہنوں کی تربیت کے مدنی پھول"** (امیر اہلسنت کا آڈیو بیان) مدنی مذاکرہ 173،100،73،69،68،67،42،33،24،20 سُن لئے محرم الحرام میں جواب عنایت فرمائیں؟ | |
| 3 | کیا آپ نے ماہانہ **"کارکردگی برائے مبلغہ اجتماعِ ذکر و نعت"** منظم انداز میں پُر فرما کر اجتماعِ ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح) کے ذریعے اجتماع ذکر و نعت ذمہ دار اسلامی بہن (حلقہ سطح) کو جمع کروائی گئی؟ | |
| 4 | اس مدنی کام سے متعلق کوئی مسئلہ ہو تو اس کارکردگی کے ساتھ تحریر کر کے دے دیا گیا؟ | |
| 5 | اس مدنی کام سے متعلق کوئی مشورہ ہو تو اس کارکردگی کے ساتھ تحریر کر کے دے دیا گیا؟ | |

www.dawateislami.net

# ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہے کہ: سب سے زیادہ حسرت قیامت کے دن اس شخص کو ہو گی جسے دنیا میں علم حاصل کرنے کا موقع ملا اور اس نے علم حاصل نہ کیا۔(نیکی کی دعوت)

الحمد للہ عزوجل! تبلیغ قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام عورت و میوزک کی جھنکار سے پاک اسلامی تعلیمات پر مشتمل سو فیصد اسلامی چینل **"مدنی چینل"** پر امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مذاکرہ ضرور دیکھیئے ان شاء اللہ عزوجل اس کی برکت سے فرض علوم خصوصاً وضو، غسل و نماز کا علم، سنتوں پر عمل، قرآن پاک درست مخارج سے سیکھنے کا بھرپور جذبہ ملے گا۔

اور اس جذبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے الحمد للہ عزوجل! دعوت اسلامی کے تحت اسلامی بہنوں کا ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع بروز__________، __________سے__________ بجے تک

بمقام ______________________ میں منعقد ہوتا ہے۔

مدنی التجاء ہے کہ آپ بھی شرکت فرما کر دنیا و آخرت کی ڈھیروں بھلائیاں حاصل فرمائیں۔

**فرمانِ مصطفٰی** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم: **"جو بندہ علم کی جستجو میں جوتے، موزے یا کپڑے پہنتا ہے تو اپنے گھر کی چوکھٹ سے نکلتے ہی اُس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔"** (کتاب: "جنت میں لے جانے والے اعمال" صفحہ 40)

**مدنی پھول**: علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح) تحریری دعوت نامے کی پرچیوں پر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا دن، وقت اور مقام تحریر کر کے تقسیم فرمائیں۔

**اجتماع ذکر و نعت**

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہے کہ: سب سے زیادہ حسرت قیامت کے دن اس شخص کو ہو گی جسے دنیا میں علم حاصل کرنے کا موقع ملا اور اس نے علم حاصل نہ کیا۔(نیکی کی دعوت)

الحمد للہ عزوجل! تبلیغ قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام عورت و میوزک کی جھنکار سے پاک اسلامی تعلیمات پر مشتمل سو فیصد اسلامی چینل **"مدنی چینل"** پر امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مذاکرہ ضرور دیکھیئے ان شاء اللہ عزوجل اس کی برکت سے فرض علوم خصوصاً وضو، غسل و نماز کا علم، سنتوں پر عمل، قرآن پاک درست مخارج سے سیکھنے کا بھرپور جذبہ ملے گا۔

اور اس جذبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے الحمد للہ عزوجل! دعوت اسلامی کے تحت اسلامی بہنوں کا ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع بروز__________، __________سے__________ بجے تک

بمقام ______________________ میں منعقد ہوتا ہے۔

مدنی التجاء ہے کہ آپ بھی شرکت فرما کر دنیا و آخرت کی ڈھیروں بھلائیاں حاصل فرمائیں۔

**فرمانِ مصطفٰی** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم: **"جو بندہ علم کی جستجو میں جوتے، موزے یا کپڑے پہنتا ہے تو اپنے گھر کی چوکھٹ سے نکلتے ہی اُس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔"** (کتاب: "جنت میں لے جانے والے اعمال" صفحہ 40)

**مدنی پھول**: علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ذمہ دار اسلامی بہن (ذیلی سطح) تحریری دعوت نامے کی پرچیوں پر ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کا دن، وقت اور مقام تحریر کر کے تقسیم فرمائیں۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# عِدّت و سوگ کے مسائل

## فہرس


| نمبر شمار | موضوع |
|---|---|
| 1 | **عدّت کی تعریف** |
| 2 | **بیوہ کی عدّت کی مُدّت** |
| i | اگر بیوہ کی رخصتی نہیں ہوئی |
| ii | اگر بیوہ حاملہ ہو |
| iii | اگر بیوہ غیر حاملہ ہو |
| 3 | **بیوہ کی عدّت کے احکام** |
| i | تین دن سے زیادہ سوگ منانا |
| ii | بیوہ کے اخراجات |
| 4 | **عدّت کے متفرق احکام** |
| i | عورت عدت کہاں گزارے؟ |
| ii | عدّت کے دوران نکاح کرنا کیسا؟ |


www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| عدّت میں پیغامِ نکاح کا حکم | iii |
| دورانِ عدّت پردے کا حکم | iv |
| **سوگ کے احکام** | 5 |
| **سوگ کی تعریف** | 6 |
| **سوگ سے متعلق ضروری احکام** | 7 |
| وہ کام جو شرعاً ناجائز ہیں | i |
| وہ کام جو شرعاً جائز ہیں | ii |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# عِدّت و سوگ کے مسائل

☆اللہ عزوجل فرماتاہے :

﴿ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًاۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا فَعَلْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ۝ ﴾

**"تم میں جو مر جائیں اور بیبیاں چھوڑیں وہ چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں پھر جب اُن کی عدت پوری ہو جائے تو تم پر کچھ مؤاخذہ نہیں اُس کام میں جو عورتیں اپنے معاملہ میں شرع کے موافق کریں اور اللہ (عزوجل) کو تمھارے کاموں کی خبر ہے۔"**

☆ صحیح بخاری شریف میں مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی کہ سبیعہ اسلمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں وفات شوہر کے چند دن بعد بچہ پیدا ہوا، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر نکاح کی اجازت طلب کی حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے اجازت دے دی۔

(صحیح البخاري"، کتاب الطلاق، باب واولات الاحمال...إلخ، الحدیث: ۵۳۲۰، ج۳ص ۴۶۰)

☆ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن کے شوہر کو اُن کے غلاموں نے قتل کر ڈالا تھا، وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرتی ہیں، کہ مجھے میکے میں عدت گزارنے کی اجازت دی جائے کہ میرے شوہر نے کوئی اپنا مکان نہیں چھوڑا اور نہ خرچ چھوڑا۔ اجازت دے دی پھر بُلا کر فرمایا: **"اُسی گھر میں رہو جس میں رہتی ہو، جب تک عدت پوری نہ ہو۔"** لہٰذا اُنھوں نے چار ماہ دس دن اُسی مکان میں پورے کیے۔

("جامع الترمذي"، أبواب الطلاق...إلخ، باب ماجاء این تعتد المتوفي عنھا زوجھا، الحدیث: ۱۲۰۸، ج۲، ص۴۱۱.)

## عدّت کی تعریف

شوہر کے طلاق دینے یا اس کے وفات پاجانے (نیز خلع) کے بعد عورت کا نکاح ممنوع ہونا اور ایک زمانۂ معیّنہ (مقرر کردہ مخصوص مدت) تک انتظار کرنا۔ اسے اصطلاحِ شرع میں **"عدت"** کہتے ہیں۔ (سُنی بہشتی زیور حصہ چہارم ص434)

www.dawateislami.net

# بیوہ کی عدّت کی مدّت

**اگر بیوہ کی رخصتی نہیں ہوئی:۔** عورت بیوہ ہے اور اس کی رخصتی نہیں ہوئی تو ایسی اسلامی بہن کی عدت کی مدت چار ماہ دس دن ہے اگرچہ یہ اسلامی بہن چھوٹی عمر کی ہے کہ اس کی عدت کا سبب موت ہے۔
(فتاویٰ امجدیہ جلد ثانی ص 285، عدت و سوگ کے مسائل)

**اگربیوہ حاملہ ہو:۔** اگر بیوہ حاملہ ہو تو اس کی عدت کی مدت بچہ پیدا ہونے تک ہے اگرچہ شوہر کی فوتگی کے فوراً بعد بچے کی ولادت ہو جائے۔ حمل ساقط ہو گیا اور اعضا بن چکے ہیں عدت پوری ہو گئی ورنہ نہیں ( یعنی 120 دن ہو چکے تھے تو اسقاط حمل سے ہی عدت مکمل ہو گئی ) اور اگر دو یا تین بچے ایک حمل سے ہوئے تو پچھلے کے پیدا ہونے سے عدت پوری ہو گی۔"الجوہرة النيرة"، كتاب العدة، الجزء الثاني، ص٩٦. (بہار شریعت، حصہ ۸، جلد ۲، ص ۲۳۸)

**اگر بیوہ غیر حاملہ ہو:۔** اگر بیوہ غیر حاملہ ہے تو اس کی عدت کی مدت چار ماہ دس دن ہے۔ بشرطیکہ نکاح صحیح ہو دخول ہوا ہو یا نہیں دونوں کا ایک حکم ہے اگرچہ شوہر نابالغ ہو یا زوجہ نابالغہ ہو۔الجوہرة النيرة''، كتاب العدة، الجزء الثاني، ص٩٧، وغیرہا. (بہار شریعت، حصہ ۸، جلد ۲، ص ۲۳۷)

☆اگر شوہر کا انتقال چاند کی پہلی تاریخ کو ہوا تو عدت غیر حاملہ کی 4 قمری ماہ اور 10 دن ہو گی چاہے مہینے 29 کے ہوں یا 30 کے اور اگر پہلی تاریخ کے علاوہ کسی اور دن انتقال ہوا تو اب 130 دن عدت مکمل کی جائے گی۔

# بیوہ کی عدت کے احکام

☆عدت ہر حال میں گزرنا ضروری ہے بعض لوگ جو عورت کو چند قدم گھر سے باہر نکال کر یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے اس کی عدت ختم کر دی یہ بالکل غلط ہے اس سے عدت ختم نہیں ہوتی بلکہ عدت پھر بھی لازم ہوتی ہے اور بلاوجہ گھر سے باہر نکلنے کی وجہ سے گنہگار بھی ہوتی ہیں لہٰذا توبہ بھی کریں۔

**تین دن سے زیادہ سوگ منانا:۔** شوہر کے علاوہ کسی اور کی موت پر تین دن سے زیادہ سوگ منانا حرام ہے۔"صحيح البخاري"، كتاب الجنائز، باب حد المرأة على غير زوجها، الحديث: ١٢٨١،١٢٨٢،ج١، ص٤٣٣. "ردالمحتار"، كتاب الطلاق، فصل في الحداد، ج٥، ص ٢٢٣. (بہار شریعت، حصہ ۸، جلد ۲، ص ۲۴۳، ۲۴۱)

**بیوہ کے اخراجات**:۔ دورانِ عدت عورت گھر سے باہر نہیں جاسکتی البتہ ضرورتاً گھر سے باہر جانے کی اجازت ہے جیسے بیمار ہوگئی اور ڈاکٹر کے پاس جانا ہے ڈاکٹر گھر نہیں آسکتی تو دن میں جائے اور غروب آفتاب سے پہلے واپس اپنے گھر آجائے۔

# عدت کے متفرق احکام

﴿اب عدت کے وہ احکام پیش کیے جاتے ہیں جو بیوہ، خلع لینے والی اور مطلقہ تینوں کے لئے ایک جیسے ہیں۔﴾

اگر عورت عدت نہ گزارنا چاہے یا مدت کو تھوڑا کم کرنا چاہے یا اس کے گھر والے اسے منع کرتے ہیں تو ان صورتوں میں عورت اور اس کے گھر والے گنہگار ہوں گے کہ بلا اجازت شرعیہ مقرر کردہ حکم الٰہی عزوجل میں تغیر و تبدل کا کسی کو اختیار نہیں لہٰذا عدت گزارنا اور مقررہ مدت تک گزارنا لازم ہے۔(عدت و سوگ کے مسائل)

**عورت عدت کہاں گزارے**:۔ شوہر کے گھر گزارے گی۔ اگر مکان ڈھے رہا ہو یا ڈھنے کا خوف ہو یا چوروں کا خوف ہو یا مال تلف ہونے کا خوف ہو تو ان صورتوں میں مکان بدل سکتی ہے۔''الفتاوی الهندےة''،كتاب الطلاق،الباب الرابع عشر في الحداد، ج۱،ص۵۳۵. (بہار شریعت، حصہ ۸، جلد ۲، ص۲۴۶)

**عدت کے دوران نکاح کرناکیسا**؟ مطلقہ، بیوہ یا خلع والی اسلامی بہن عدت کے دوران نہ کسی سے نکاح کر سکتی ہے نہ ہی اسے نکاح کا پیغام دیا جاسکتا ہے، جب تک عدت نہ گزرے نکاح تو نکاح، نکاح کا پیغام دینا بھی حرام قطعی ہے۔

(فتاوٰی رضویہ شریف جلد13ص319)

☆عدت کے اندر نکاح باطل و حرام ہے۔(فتاوٰی رضویہ جلد11 صفحہ266)

**عدت میں پیغام نکاح کا حکم** :جو عورت عدّت میں ہو اُس کے پاس صراحۃً نکاح کا پیغام دینا حرام ہے اگرچہ نکاح فاسد یا عتق کی عدت میں ہو اور موت کی عدت ہو تو اشارۃً کہہ سکتے ہیں اور طلاق رجعی یا بائن یا فسخ کی عدت میں اشارۃً بھی نہیں کہہ سکتے اور وطی بالشبہہ یا نکاح فاسد کی عدت میں اشارۃً کہہ سکتے ہیں اشارۃً کہنے کی صورت یہ ہے کہ کہے میں نکاح کرنا چاہتا ہوں مگر یہ نہ کہے کہ تجھ سے ورنہ صراحت ہو جائے گی یا کہے میں ایسی عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہوں جس میں یہ یہ وصف ہوں اور وہ اوصاف بیان کرے جو اس عورت میں ہیں یا مجھے تجھ جیسی کہاں ملے گی۔

"الفتاوى الهندية"،كتاب الطلاق، الباب الرابع عشر في الحداد، ج۱، ص ۵۳۴ . (بہار شریعت، حصہ ۸، جلد ۲، ص۲۴۴)

**دورانِ عدت پردے کا حکم:۔** مطلقہ، بیوہ یا خلع والی اسلامی بہن کو عدت سے قبل جن جن سے پردہ کرنا شرعاً فرض تھا تو دورانِ عدت بھی ان ہی سے پردہ کرنا ہوگا، ہاں مطلقہ، خلع والی دورانِ عدت شوہر سے بھی پردہ کرے گی۔ البتہ طلاقِ رجعی والی کو شوہر سے پردہ کرنے کے احکام دوسرے ہیں۔

# سوگ کے احکام

*ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی، کہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: **"کوئی عورت کسی میّت پر تین دن سے زیادہ سوگ نہ کرے، مگر شوہر پر چار مہینے دس دن سوگ کرے اور رنگا ہوا کپڑا نہ پہنے، مگر وہ کپڑا کہ بُننے سے پہلے اُس کا سوت جگہ جگہ باندھ کر رنگتے ہیں اور سرمہ نہ لگائے اور نہ خوشبو چھوئے، مگر جب حیض سے پاک ہو تو تھوڑا سا عود استعمال کرسکتی ہے۔"** اور ابوداود کی روایت میں یہ بھی ہے کہ مہندی نہ لگائے۔

صحيح مسلم"، كتاب الطلاق، باب وجوب الاحداد في عدة الوفاة... إلخ، الحديث:١٤٩١، ص٧٩٩

☆ ابوداود ونسائی نے ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ حضور (صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نے فرمایا:

**"جس عورت کا شوہر مر گیا ہے، وہ نہ کسم کا رنگا ہوا کپڑا پہنے اور نہ گیرو کا رنگا ہوا اور نہ زیور پہنے اور نہ مہندی لگائے اور نہ سُرمہ۔"**

"سنن أبي داود"، كتاب الطلاق، باب فيما تجتنبه المعتدة في عدتها، الحديث: ٢٣٠٤، ج٢، ص٤٢٥. (بہار شریعت، حصہ ٨، جلد ٢، ص ٢٤١)

# سوگ کی تعریف

مطلقہ، بیوہ، خلع والی اسلامی بہن سوگ کی تعریف ذہن نشین کرلیں۔ سوگ کے معنی یہ ہیں کہ **"ہر زینت کو ترک کرے"**

"الدرالمختار"، كتاب الطلاق، فصل في الحداد، ج٥، ص٢٢١ (بہار شریعت، حصہ ٨، جلد ٢، ص ٢٤٢)

# سوگ سے متعلق ضروری احکام

سوگ اس پر ہے جو کہ عاقلہ بالغہ مسلمان ہو اور موت یا طلاق بائن کی عدت ہو۔ "الدرالمختار"، كتاب الطلاق، فصل في الحداد، ج٥، ص٢٢١. (بہار شریعت، حصہ ٨، جلد ٢، ص ٢٤٣) مطلقہ، بیوہ یا خلع یافتہ اسلامی بہن کو اپنی عدت کی مدت پورا ہونے تک سوگ کرنا شرعاً واجب ہے اور اس کا ترک کرنا حرام ہے۔

**مسئلہ ۵ :** طلاق دینے والا سوگ کرنے سے منع کرتا ہے یا شوہر نے مرنے سے پہلے کہ دیا تھا کہ سوگ نہ کرنا جب بھی سوگ کرنا واجب ہے۔"الدرالمختار"، کتاب الطلاق، فصل في الحداد، ج۵، ص۲۲۱

## وہ کام جو شرعاً ناجائز ہیں:۔

مطلقہ، بیوہ یا خلع یافتہ اسلامی بہن کو بحالت سوگ یہ تمام کام کرنا شرعاً ناجائز ہیں:

☆ہر قسم کا گہنا یہاں تک کہ انگوٹھی و چھلّا وغیرہ بھی نہ پہنے۔

☆ہر قسم کا زیور یہاں تک کہ کانچ کی چوڑیاں بھی نہ پہنے۔

☆ہاتھ پاؤں اور سر میں مہندی نہ لگائے۔

☆ہر طرح کی خوشبو بدن و کپڑے میں لگانے سے اپنے آپ کو بچائے۔

☆ ریشمی کپڑا اگرچہ سیاہ رنگ کا ہو نہ پہنے۔

☆آنکھوں میں سرمہ نہ لگائے۔

☆سر میں کنگھی نہ کرے۔(مجبوری ہو تو موٹے دندانوں کی طرف سے کنگھی کرے)

☆ہر طرح کی زیب و زینت ہار، پھول، مہندی خوشبو وغیرہ کا استعمال ترک کردے۔

☆یونہی ہر رنگ جس سے زینت ہوتی ہو استعمال نہ کرے۔

☆ مطلقہ، بیوہ اور خلع والی کے لئے ضروری نہیں کہ وہ بحالت سوگ سفید لباس ہی کو پہنے بلکہ سادہ اور ممکن ہو تو پرانا لباس اپنائے انہیں استعمال میں لائے۔

☆گھر سے بغیر شرعی مجبوری کے نہ نکلے۔

☆اجتماع، ذکر، میلاد و محافل، قرآن خوانی وغیرہ میں نہیں جاسکتی۔

☆کسی عزیز کا انتقال ہو جائے تو دورانِ عدت اس کے گھر نہیں جاسکتی۔

☆الغرض ہر قسم کا سنگھار ختم عدت تک منع ہے۔(فتاویٰ رضویہ جلد 13 ص 331 ملخصاً)

☆دورانِ عدت جشنِ ولادت کے موقع پر دلی طور پر خوش ہونے میں حرج نہیں۔البتہ اس خوشی کے موقع پر بھی عمدہ لباس وزیورات وغیرہ نہیں پہن سکتی ہاں گھر میں جھنڈے اور لائٹیں وغیرہ لگانے اور نیاز کرنے میں ممانعت نہیں۔

www.dawateislami.net

## وہ کام جو شرعا جائز ہیں۔

مطلقہ، بیوہ یا خلع یافتہ اسلامی بہن کو بحالت سوگ یہ تمام کام شرعاً جائز ہیں:۔

☆چارپائی پر سونا، بستر اچھانا، سونے کے لئے ہو یا بیٹھنے کے لئے منع نہیں۔(فتاوٰی رضویہ جلد 13 ص 331 ملخصاً)

☆غسل کرنا

☆صاف ستھرا اور سادہ لباس پہننا

☆سر درد کی وجہ سے سر میں تیل کا استعمال کرنا۔ تیل کا استعمال کوشش کرے رات میں کرے اور یہ زینت کی نیت سے نہ کرے۔

☆آنکھوں میں درد کے سبب آنکھوں میں سرمہ لگا سکتی ہے ممکن ہو تو سفید سرمہ لگائے۔(یہ بھی رات میں لگائے اور زینت کی نیت سے نہ لگائے)

☆بال اُلجھ جائیں یا سر درد کے سبب کنگھا کر سکتی ہے مگر کنگھے کے موٹے دندانوں والی سائیڈ سے کنگھا کرے جس سے فقط بال سلجھالے زینت کی نیت نہ ہو۔(فتاوٰی رضویہ جلد 13 ص 331)

☆فون پر گفتگو کر سکتی ہے۔

☆جس مرض کا علاج گھر میں نہیں ہو سکتا اس کے لئے باہر جا سکتی ہے لیکن رات کا اکثر حصہ شوہر کے مکان میں ہی گزارے اور اگر اسی مکان میں علاج ممکن ہو تو اب باہر نکلنا حرام ہے۔

☆عدت کے دن ختم ہونے پر عورت کو مسجد میں جانا یا مسجد کو دیکھنا، کسی رشتے دار وغیرہ کے بلانے پر نکلنا، نفل ادا کرنا، صبح یا شام کسی مخصوص وقت عدت کو ختم کرنا یا اُس دن گھر سے ضرور نکلنا ان تمام باتوں کی شرعاً کوئی اصل نہیں ہاں ختم عدت پر اُسی دن گھر سے رشتے دار وغیرہ کے گھر جانے کے لئے نکلنے میں کوئی حرج بھی نہیں اور نہ ہی شکرانے کے نفل پڑھنے میں کوئی حرج ہے۔ البتہ عدت کو ختم کرنے کے لئے یہ سب کام ضروری نہیں۔(دارالافتاء اہلسنت)

☆شوہر کی قبر پر نہ جائے بلکہ گھر سے اس کے لئے فاتحہ پڑھ کر دعائے مغفرت کرے۔

**مدنی پھول!** مسائل سمجھ نہ آنے کی صورت میں دارالافتاء اہلسنت سے رجوع فرمائیں اس کے علاوہ مزید معلومات کے لئے کتاب بہار شریعت حصہ 8 سے عدت کے بیان کا مطالعہ فرمائیں۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# لواحقین کو سمجھانے کے لئے مدنی پھول

**عالمِ انقلاب ہے دنیا چند لمحوں کا خواب ہے دنیا**
**فخر کیوں دل لگائیں اس سے نہیں اچھی خراب ہے دن** (مردے کی بے بسی)

**سمجھانے والی کے لئے مدنی پھول**:

ذمہ دار اسلامی بہن کو چاہئے کہ جس گھر میں میت ہوگئی ہو تواس وقت ان کے گھر میں جو سمجھدار اسلامی بہن ہو ان کو یہ مدنی پھول اچھی طرح سمجھا دیئے جائیں، سمجھاتے ہوئے حالات و نوعیت کو بھی مدِّ نظر رکھ کر ان مدنی پھولوں میں کمی وبیشی کر سکتے ہیں۔انداز readingکا سا نہ ہو۔ **"فاتحہ کا طریقہ"،" قبر والوں کی 25 حکایات"اور "چمکدار کفن"** سے مدد حاصل کی جائے۔

﴿1﴾ غسل کے لئے جو برتن استعمال کیئے گئے یا جو چادر میت پر دورانِ غسل اوڑھائی گئی یہ سب بعد غسل **دھوکر استعمال کرسکتے ہیں۔**

﴿2﴾ بعض جگہ یہ دستور ہے کہ عموماً میت کے غسل کے لئے کچے برتن، کورے گھڑے استعمال کیے جاتے ہیں اور غسل کے بعد ان کو توڑ ڈالتے ہیں ایسا کرنا **ناجائز وحرام ہے۔**(سنی بہشتی زیور ص294-293) اور **اسراف** بھی ہے۔

﴿3﴾ گھر کے استعمالی لوٹے، بالٹی وغیرہ سے غسل دے سکتے ہیں،اُن کو دھو کر استعمال فرمالیں۔کئی لوگ غسل کے برتنوں کو مساجد میں بھجوادیتے ہیں۔اگر نیت یہ ہو کہ نمازیوں کو آرام پہنچے گا اور میت کو ثواب ملے گا تو یہ اچھی نیت ہے اور مساجد میں رکھنا بہتر ہے اور اگر اس بناء پر مسجد میں رکھوائے کہ گھر میں نحوست ہے تو یہ جہالت کی بات ہے۔

(بہار شریعت حصہ 4 ص166، نظام شریعت صفحہ 33)

﴿4﴾ تدفین سے قبل اور بعدِ تدفین بھی بین یعنی **نوحہ نہ کریں** اور نہ کرنے دیں۔ صحیحین میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں **"آنکھ کے آنسو اور دل کے غم کے سبب اللہ تعالیٰ عذاب نہیں فرماتا اور زبان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اس کے سبب عذاب یا رحم فرماتا ہے اور گھر والوں کے رونے کی وجہ سے میت پر عذاب ہوتا ہے یعنی جب کہ اس نے وصیت کی ہو یا وہاں رونے کا رواج ہو اور منع نہ کیا ہو۔واللہ تعالیٰ اعلم۔ یا یہ مراد ہے کہ ان کے رونے سے اسے تکلیف ہوتی ہے کہ دوسری حدیث میں آیا"اے اللہ کے بندو! اپنے مردوں کو تکلیف نہ دو جب تم رونے لگتے ہو تو وہ بھی روتا ہے"۔** (بہارِ شریعت حصہ 4 ص205)

www.dawateislami.net

ترمذی ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم فرماتے ہیں **"جو مرتا ہے اور رونے والا اس کی خوبیاں بیان کرکے روتا ہے اللہ تعالیٰ اس میت پر دو فرشتے مقرر فرماتا ہے جو اسے نوچتے ہیں اور کہتے ہیں کیا تو ایسا تھا۔** (بہار شریعت حصہ 4 ص 205 باب سوگ اور نوحہ کا ذکر)

حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے فرمایا **"جب کسی بندے کا بچہ مر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے کیا تم نے میرے بندے کے بچے کو وفات دے دی وہ کہتے ہیں، ہاں، تو وہ کہتا ہے تم نے اس کے دل کا پھل توڑ لیا تو عرض کرتے ہیں ہاں، رب تعالیٰ فرماتا ہے، میرے بندے نے کیا کہا عرض کرتے ہیں تیری حمد کی اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡن ط پڑھی رب تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندے کے لئے جنت میں گھر بناؤ اور گھر کا نام بیت الحمد رکھو۔** (مراۃ المناجیح ج 2 ص 501)

﴾5﴿ روایت ہے حضرت عمرو بن عاص سے کہ انہوں نے اپنے فرزند سے بحالت نزع فرمایا جب میں مر جاؤں تو میرے ساتھ نہ کوئی نوحہ والی جائے، نہ آگ جب تم مجھے دفن کرو تو مجھ پر مٹی ڈالنا پھر میری قبر کے ارد گرد اس قدر کھڑے رہنا جتنی دیر اونٹ ذبح کرکے اس کا گوشت بانٹ دیا جائے تاکہ تم سے مجھے اُنس ہو اور جان لوں کہ میں رب کے فرشتوں کو کیا جواب دوں۔ (صحیح مسلم، کتاب الایمان ص 74 حدیث 192)

﴾6﴿ اپنے گھر کے اسلامی بھائیوں کو ضرور تاً تاکید کریں کہ **ہر جمعہ** کو قبرستان جا کر **یٰس** شریف پڑھیں کہ روایت ہے حضرت محمد ابن نعمان سے کہ اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم سے مرفوعاً لاتے ہیں فرمایا **"جو اپنے ماں باپ یا ان میں سے ایک کی قبر کی ہر جمعہ میں زیارت کیا کرے تو اس کی بخشش کی جائے گی اور وہ بھلائی کرنے میں لکھا جائے گا"**۔ (مراۃ المناجیح ج 2 ص 522)

﴾7﴿ بعدِ تدفین قبر پر پھول ڈالیں۔ **"قبر پر پھول ڈالنا بہتر ہے کہ جب تک تر رہیں گے تسبیح کریں گے مردے کا دل بہلے گا۔ اور قبر پر سے گھاس نوچنا نہ چاہیے کہ اس کی تسبیح سے رحمت اترتی ہے اور میت کو انس ہوتا ہے اور نوچنے سے میت کا حق ضائع کرنا ہے"**۔ (سنی بہشتی زیور حصہ 3 ص 303) سبز پتے یا تر سبزہ وغیرہ ڈالیں کہ جب تک یہ شاخیں و پھول تر رہیں گے تو میت کے **عذاب میں کمی** ہوگی کہ تر گھاس اور پھولوں کی تسبیح سے مردے کو فائدہ ہوتا ہے۔ اور اگر قبر کے پاس **"پودا"** وغیرہ لگوا دیں تو مدینہ مدینہ۔

﴾8﴿ ہو سکے تو فوری **"ایک لاکھ پانچ ہزار بار کلمہ طیبہ"** کا ختم کروا کر میت کو ثواب پہنچائیں کہ ایک بار حضرت جنید بغدادی علیہ رحمۃ الہادی کے کسی مرید کا رنگ متغیر ہو گیا آپ نے سبب پوچھا بروئے مکاشفہ اس نے یہ کہا کہ اپنی ماں کو دوزخ

www.dawateislami.net

میں دیکھتا ہوں۔ حضرت جنید بغدادی نے ایک لاکھ پانچ ہزار کلمہ پڑھا ہوا تھا یوں سمجھ کر کہ بعض روایات میں اس قدر پڑھنے پر **"وعدۂ مغفرت"** ہے۔ آپ نے جی ہی جی میں اس مرید کی ماں کو بخش دیا اور اس کی اطلاع نہ دی۔ ایصالِ ثواب کرتے ہی کیا دیکھتے ہیں کہ وہ نوجوان ہشاش بشاش ہے۔ آپ نے سبب پوچھا اس مرید نے عرض کیا کہ **اپنی ماں کو جنت** میں دیکھتا ہوں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس پر فرمایا کہ اس نوجوان کے مکاشفہ کی حجت تو مجھ کو حدیث سے معلوم ہوئی اور حدیث کی تصحیح اس مکاشفہ سے ہوگئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ کلمہ طیبہ ایک لاکھ پانچ ہزار پڑھ کر مردے کو ایصال ثواب کرنے سے مردے کی **بخشش کی اُمید** ہے اور تیجے میں چنوں پر یہی پڑھا جاتا ہے۔ (جآء الحق جلد 1 ص 271، باب فاتحہ کے ثبوت میں)

﴿9﴾ میت کے لئے قُل خوانی، جمعراتیں، چہلم، برسی وغیرہ بھی ضرور کریں کہ مردے کے لئے ایصالِ ثواب جتنا زیادہ ہو اتنا ہی قلیل یعنی تھوڑا ہے حدیث شریف میں ہے کہ **"دنیا میں رہنے والوں کو اتنا خورد و نوش کی ضرورت نہیں جتنا اہل قبور کو ثواب کی ضرورت ہے"**۔ (شرح الصدور) تیجے وغیرہ کا کھانا صرف اسی صورت میں میت کے چھوڑے ہوئے مال سے کر سکتے ہیں جبکہ سارے ورثا بالغ ہوں اور سب کے سب اجازت بھی دیں اگر ایک بھی وارث نابالغ ہے تو سخت حرام ہے۔ ہاں بالغ اپنے حصہ سے کر سکتا ہے۔ میت کے گھر والے اگر تیجے کا کھانا پکائیں تو (مالدار نہ کھائیں) صرف فقراء کو کھلائیں۔ (فاتحہ کا طریقہ، ص 11,12)

﴿10﴾ وفات کے بعد سات روز تک برابر صدقہ و خیرات کیا جائے بعض روایتوں میں ہے کہ ہر جمعہ کی شب میت کی روح اپنے گھروں میں آتی ہے اور دیکھتی ہے کہ میرے گھر والے میرے واسطے کچھ خیرات کرتے ہیں یا نہیں۔ (مراۃ المناجیح ج 2 صفحہ 517)

﴿11﴾ شرح الصدور صفحہ 301 ابن نجّار نے اپنی تاریخ میں حضرت سیدنا مالک بن دینار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت کی کہ **"میں جمعہ کی رات قبرستان میں داخل ہوا تو دیکھا کہ ایک نور چمک رہا ہے تو میں نے کہا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قبرستان والوں کی مغفرت کر دی ہے تو ایک غیبی آواز آتی ہے کہ اے مالک بن دینار یہ مومنوں کا تحفہ ہے اپنے مومن بھائیوں کے لئے، میں نے غیبی آواز کو خدا کا واسطہ دے کر پوچھا کہ یہ ثواب کس نے بھیجا ہے تو آواز آئی کہ ایک مومن بندہ اس قبرستان میں داخل ہوا اور اچھی طرح وضو کیا اور پھر دو رکعت نماز ادا کی اور اس کا ثواب اہل مقابر کے لئے بخش دیا تو اللہ تعالیٰ نے اس ثواب کی وجہ سے یہ روشنی اور نور ہم کو دے دیا"**۔ میت بلکہ تمام مسلمانوں کے ایصالِ ثواب کے لئے روزانہ دو رکعت نماز ادا کر کے دعائے مغفرت کر دی جائے تو مدینہ مدینہ

﴿12﴾ ہو سکے تو بالخصوص جمعہ، عیدین اور بڑی راتوں میں ایصالِ ثواب کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ بالخصوص یومِ عاشورہ اور شبِ برأت میں کہ روایت میں ہے کہ **"اموات کی روحیں ان راتوں میں آکر اپنے گھروں کے دروازے پر**

www.dawateislami.net

کھڑی ہوتی ہیں اور کہتی ہیں کہ ہے کوئی جو ہمیں یاد کرے، ہے کوئی جو ہم پر ترس کھائے ہے کوئی جو ہماری غریبی کی یاد دلائے"۔(خزانۃ الروایات، سنی بہشتی زیور ج3 ص271-270)

﴿13﴾ میت کے ذمے **قرض** یا کسی کا مالی مطالبہ ہو تو جلد سے جلد ادا کریں کہ حدیث شریف میں ہے کہ میت اپنے دَین میں گرفتار رہتی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ اس کی روح معلق رہتی ہے جب تک دَین ادا نہ کیا جائے۔

(سنی بہشتی زیور حصہ 3 ص290)

﴿14﴾ نمازوں اور روزوں کا فدیہ ادا کرنے سے اللہ تعالیٰ میت کو اپنی رحمت سے بری الذمہ فرمادے گا۔

(مُلخصاً نماز کے احکام ص345تا348)

i. میت نے اپنی زندگی میں کچھ نمازیں تو ادا کی ہی ہوتی ہیں لہٰذا یہ فیصلہ کرنا کہ کتنی اور کون کون سی نمازیں میت پر باقی ہیں یہ دشوار ترین معاملہ ہے اب ترکیب یوں بنائیں کہ میت کے بالغ ہونے کے بعد سے لے کر وفات تک کی نمازوں کا اور روزوں کا فدیہ دیں۔(مُلخصاً نماز کے احکام ص345تا348)

ii. فدیہ ادا کرنے کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ "اوّلاً میت کی عمر معلوم فرما کر اس میں سے 9 سال عورت کے اور بارہ 12 سال مرد کے نابالغی کے نکال لئے جائیں۔(مُلخصاً نماز کے احکام ص345تا348) عورت کی عادتِ حیض اگر معلوم ہو تو اس قدر دن اور نہ معلوم ہو تو تین(۳) دن نو(9) برس سے ہر ماہ کے نکال دیں۔(مُلخصاً نماز کے احکام ص345تا348)

iii. اب جتنے سال باقی رہ گئے اس کی ترکیب یوں ہوتی ہے کہ ایک نماز کا فدیہ ایک صدقۂ فطر کے برابر ہوتا ہے۔ ایک دن کی پانچ نمازیں اور وتر کو ملا کر چھ(6) صدقۂ فطر دینے ہوتے ہیں اور ایک روزے کے لئے ایک صدقۂ فطر دینا ہوتا ہے۔ ایک صدقۂ فطر کی مقدار تقریباً 2"کلو میں پچاس گرام کم گیہوں" یا اس کا آٹا یا اس کی رقم ہے۔ چنانچہ ایک ماہ کی نمازوں کے لئے 180 صدقہ فطر اور ایک سال کے ماہ رمضان کے روزں کے لئے 30 صدقۂ فطر کے برابر رقم دینی ہوگی۔(مُلخصاً نماز کے احکام ص345تا348)

iv. آسانی کے لئے یوں بھی ترکیب ہو سکتی ہے کہ یہ رقم شرعی فقیر کو دے دی جائے۔ کتاب اسلامی بہنوں کی نماز میں بتائے گئے طریقہ کے مطابق "**شرعی حیلہ**" کرنے کی ترکیب یوں ہوگی کہ ایک ماہ کی نمازوں کی رقم شرعی فقیر کو دے کر اس کو مالک بنانا ہوگا پھر مالک بننے کے بعد وہ خود اپنی مرضی سے یہ رقم دینے والی کے حوالے کر دے ثواب لینے والی دوبارہ دوسرے ماہ کی رقم شرعی فقیر کو دے کر اس کا مالک کر دے اور وہ مالک بننے کے بعد دوبارہ دینے والی کے حوالے کر دے اس طرح لوٹ پھیر کر کے تمام نمازوں کا فدیہ ادا ہو سکتا ہے اور روزوں کا بھی ہو سکتا ہے۔

(فتاوٰی رضویہ، فتاویٰ بزازیہ)

v. اس بتائے گئے طریقے کے مطابق نمازوں اور روزوں کا فدیہ ادا کر دیا جائے۔

www.dawateislami.net

﴿15﴾ جس پر حج فرض ہو اور نہ ادا کیا نہ وصیت کی تو بالا جماع گنہگار ہے اگر وارث اس کی طرف سے حج بدل کروانا چاہے تو کرا سکتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ امید ہے کہ ادا ہو جائے۔اور اگر وصیت کر گیا تو تہائی مال سے کرایا جائے۔اگر چہ اس نے وصیت میں تہائی کی قید نہ لگائی مثلاً یہ کہہ کر مرا کہ میری طرف سے حج بدل کرایا جائے۔(بہار شریعت حصہ 6 تخریج شدہ ص177)

﴿16﴾ بعض ناواقف یوں فدیہ دیتے ہیں کہ نمازوں کے فدیے کی قیمت لگا کر سب کے بدلے میں قرآن مجید دیتے ہیں اس طرح کل فدیہ **ادا نہیں ہوتا** یہ محض بے اصل بات ہے بلکہ صرف اتنا ہی ادا ہو گا جس قیمت کا مصحف شریف ہے۔(بہار شریعت حصہ 4 ص57)

﴿17﴾ اپنی اصل یعنی ماں، باپ، دادا، دادی، نانا، نانی وغیرہ یعنی ہم جن کی اولاد میں ہیں اور اپنی اولاد بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، نواسہ، نواسی وغیرہم کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا یونہی صدقۂ فطر اور نذر کفارہ بھی انہیں نہیں دے سکتا رہا صدقۂ نفل تو وہ دے سکتا ہے عورت شوہر کو اور شوہر عورت کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا۔(بہار شریعت 5 ص262-263)

﴿18﴾ میت نے ولی کو اپنے بدلے نماز پڑھنے کی وصیت کی اور ولی نے پڑھ بھی لی تو یہ ناکافی ہے۔یونہی مرض کی حالت میں نماز کا فدیہ دیا تو ادا نہ ہوا۔(بہار شریعت حصہ 4 ص56)

﴿19﴾ میت کے ذمے زکوٰۃ باقی ہو اور اگر اس نے وصیت کی تھی کہ میرے ذمے اتنی زکوٰۃ ہے وہ ادا کر دی جائے تو میت کے تہائی مال میں سے زکوٰۃ ادا کریں اور اگر اس نے وصیت نہیں کی تو تمام بالغ ورثاء اگر اجازت دیں تو کل مال سے زکوٰۃ ادا کی جائے اگر اندیشہ ہے کہ میت نے زکوٰۃ نہ دی تھی تو اس کے مال کا اندازہ لگا کر زکوٰۃ کا حساب لگائیں۔ بلکہ اندازے سے زیادہ ہی کا حساب لگا کر ورثاء چاہیں تو اپنے مال سے زکوٰۃ ادا کریں چنانچہ جتنی زکوٰۃ بنتی ہے وہ شرعی فقیر کو دے کر حیلے کے ذریعے ترکیب بنانی ہو گی اور اسی طرح لوٹ پھیر کرنا ہو گا جس طرح نمازوں اور روزوں کے لئے کیا جاتا ہے۔(بہار شریعت حصہ 5 تخریج شدہ ص27 سے اخذ شدہ)

﴿20﴾ میت کے لئے کسی دینی مدرسے میں کوئی تعمیراتی کام کروا دیں، یا تفسیر، حدیث اور فقہ وغیرہ کی کتابیں خرید کر **وقف** کر دیں تو یہ مرحوم یا مرحومہ کے لئے ثوابِ جاریہ بن جائے گا۔(انوار الحدیث)

www.dawateislami.net

اگراہل خانہ مخیر ہوں توان سے کہاجائے کہ میت کے ایصالِ ثواب کے لئے مسجد بنوادیں(مدنی مذاکرہ42) کیونکہ مسجد بنوانے کی بڑی فضیلت ہے حدیث مبارکہ میں ارشاد ہے کہ **!"جو شخص خدائے تعالیٰ(کی خوشنودی) کے لئے مسجد بنائے گاتوخدائے تعالیٰ اس کے صلے میں جنت میں گھر بنائے گا"**(بخاری شریف، مسلم شریف،انوارالحدیث ص157)

﴿21﴾ قرآن پاک توہر گھر میں ہوتاہے اسی طرح پنجسورہ،یٰسٓ شریف وغیرہ بھی ہر گھر میں ہوتے ہیں لیکن قرآن پاک پڑھنے کے ساتھ ساتھ قرآن وسنت پر عمل کس طرح کرناہے۔یہ سمجھنے کے لئے امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کے رسائل اوربیانات کی کیسٹیں تقسیم فرمائیں تاکہ جو بھی اس کوپڑھے تواس کی اصلاح ہواور وہ قرآن وسنت کی پابند ہو جائے۔اوراسی اصلاح کے سبب جب تک نیکیاں کرتی رہے گی میت کوزبردست ثواب پہنچتارہے گا۔ان شاء اللہ عزوجل

﴿22﴾ اگروالدین میں سے کسی کاانتقال ہواہوتوسب بھائی،بہن یہ ارادہ کرلیں کہ آیندہ ان شاء اللہ عزوجل اب کبھی بھی گناہ نہیں کریں گے کہ والدین اولاد کونیکیاں کرتے دیکھ کر خوش ہوتے ہیں لہٰذا اس بات کاہمیشہ خیال رکھاجائے۔کیونکہ اولاد کایہ حق ہے کہ کبھی کوئی گناہ کرکے انہیں قبر میں بھی رنج نہ پہنچانا۔اولاد کے سب اعمال کی ماں باپ کوخبر پہنچتی ہے۔نیکیاں دیکھتے ہیں توخوش ہوتے ہیں اوران کاچہرہ خوشی سے دمکنے لگتاہےاور گناہ دیکھتے ہیں تورنجیدہ ہوتے ہیں۔ان کے قلب پر ضرر پہنچتاہے۔ماں باپ کایہ حق ہے کہ قبر میں بھی انہیں رنج نہ دیاجائے۔حدیث میں فرمایاکہ ہرجمعہ ماں باپ پراولاد کے ایک ہفتے کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔نیکیوں پرخوش ہوتے ہیں برائیوں پر رنجیدہ ہوتے ہیں تواپنے گزرے ہوؤں کورنجیدہ نہ کرواےاللہ کے بندو۔(سنی بہشتی زیور حصہ 3ص323)

لہٰذاگناہوں سے بچنے اور نیکیوں پراستقامت حاصل کرنے کے لئے دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں پابندی کے ساتھ شرکت کواپنامعمول بنالیجئے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# اجتماع ذکرونعت میں بیان کے لیے رسائل کی فہرس

## ہراجتماع ذکرونعت کے لیے رسائل

| | | |
|---|---|---|
| ☆نیک بننے کا نسخہ (تخریج شدہ) (حسب ضرورت ترمیم کرکے) | ☆قیامت کا امتحان (تخریج شدہ) | ☆گناہوں کا علاج (تخریج شدہ) |
| ☆مردے کے صدمے (تخریج شدہ) | ☆مردے کی بے بسی (تخریج شدہ) | ☆احترام مسلم (تخریج شدہ) |
| ☆بادشاہوں کی ہڈیاں (تخریج شدہ) | ☆میں سدھرنا چاہتا ہوں (تخریج شدہ) | ☆ویران محل (تخریج شدہ) |
| ☆پُل صراط کی دہشت (حسبِ ضرورت ترمیم کرکے) | ☆انمول ہیرے (تخریج شدہ) | ☆کفن چور کے انکشافات (تخریج شدہ)(حسب ضرورت ترمیم کرکے) |
| ☆پُراسرار خزانہ (تخریج شدہ) | ☆نہر کی صدائیں (تخریج شدہ) | ☆غفلت |
| ☆قبر کا امتحان | ☆چار سنسنی خیز خواب (حسب ضرورت ترمیم کرکے) | ☆پُراسرار بھکاری (تخریج شدہ) (حسبِ ضرورت ترمیم کرکے) |
| ☆ہمیں کیا ہوگیا ہے! (حسبِ ضرورت ترمیم کرکے) | | ☆مقصدِ حیات |

## مدنی ماہ کی مناسبت سے رسائل

**محرام الحرام**
☆امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامات (تخریج شدہ) ☆حُسینی دولھا (تخریج شدہ)
☆کربلا کا خونیں منظر (تخریج شدہ)

**صفر المظفر**
☆تذکرہ امام احمد رضا (تخریج شدہ) ☆بریلی سے مدینہ (تخریج شدہ)

www.dawateislami.net

| | |
|---|---|
| **ماہِ ربیع النور** | ☆صبح بہاراں(تخریج شدہ)☆سیاہ فام غلام(تخریج شدہ)☆خطرناک حبشی اور دیگر حکایات ☆بڈھا پجاری(تخریج شدہ)☆بھیانک اونٹ☆نور والا چہرہ |
| **ماہِ ربیع الغوث** | ☆جنات کا بادشاہ(تخریج شدہ)☆سانپ نما جن اور غوث پاک کے دیگر واقعات(تخریج شدہ) ☆منّے کی لاش(تخریج شدہ)☆کراماتِ شیر خدا کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم ☆پیارے مرشد |
| **جمادی الاولیٰ** | - |
| **جمادی الآخر** | ☆عاشقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ |
| **رجب المرجب** | ☆کفن کی واپسی(تخریج شدہ) |
| **شعبان المعظم** | ☆آقا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مہینہ (تخریج شدہ) ☆اشکوں کی برسات(تخریج شدہ) |
| **رمضان المبارک** | ☆ کراماتِ شیر خدا کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم ☆صدقے کا انعام☆خزانے کا انبار |
| **شوال المکرم** | - |
| **ذوالقعدۃالحرام** | - |
| **ذوالحجۃالحرام** | ☆کراماتِ فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ☆کرامات عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ |

**مدینہ**: مندرجہ بالا رسائل سے مکمل بیان نہ کیا جائے ضمناً ہی لیا جائے کہ اجتماعِ ذکر ونعت کا اصل مقصد "سنتوں بھرے ماحول سے قریب کرنا" ہے۔

## تیجہ/چالیسواں کے لیے رسائل

☆قبر کا امتحان☆کفن چور کے انکشافات ☆ویران محل(تخریج شدہ) ☆مرد ے کے صدمے(تخریج شدہ) ☆مرد ے کی بے بسی (تخریج شدہ) ☆بادشاہوں کی ہڈیاں(تخریج شدہ) ☆پُل صراط کی دہشت☆ انمول ہیرے(تخریج شدہ) ☆پُراسرار خزانہ(تخریج شدہ) ☆قیامت کا امتحان(تخریج شدہ)☆غفلت ☆صدقے کا انعام☆موت کا تصوّر☆قبر کی پہلی رات☆نیک بننے کا نسخہ (حسبِ ضرورت ترمیم کے ساتھ)

**مدینہ**:"فاتحہ کا طریقہ" سے بھی کچھ بیان کیا جاسکتا ہے۔

## شادی کے اجتماعِ ذکرونعت کے لیے رسائل

☆سنت نکاح(اس سے مکمل بیان نہ کیا جائے مدنی جائے)

اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلاَمُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

# فہرست


| نمبر شمار | مدنی پھول مع ریکارڈ پیپرز | صفحہ نمبر | کل صفحات |
|---|---|---|---|
| 1 | **امت کو خدایا رہِ سنت پہ چلادے کے 22 حروف کی نسبت سے اجتماعِ ذکرونعت کے 22 مدنی پھول** | 1تا10 | 10 |
| 2 | **اجتماعِ ذکرونعت سے قبل اہلِ خانہ سے طےکیے جانے والے مدنی پھول** | 11تا12 | 2 |
| 3 | **ماہانہ کارکردگی برائے مبلغہ اجتماعِ ذکر و نعت** | 13تا18 | 6 |
| 4 | **ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع** | 19 | 1 |
| 5 | **عدت و سوگ کے مسائل** | 20تا27 | 8 |
| 6 | **لواحقین کو سمجھانے والے مدنی پھول** | 28تا33 | 6 |
| 7 | **اجتماعِ ذکر ونعت میں بیان کے لیے رسائل کی فہرس** | 34تا35 | 2 |


www.dawateislami.net